محمد اسرار ابن مدنی
نائب مدیر الحق



تعارف وتبصرہ کتب

• انوارِ حق ...... شیخ الحدیث حضرت مولانا انوار الحق صاحب

پیش نظر مجموعہ مواعظ وخطبات المعروف ''انوارِ حق'' شیخ الحدیث حضرت مولانا انوار الحق صاحب ،نائب مہتمم جامعہ دارالعلوم حقانیہ و نائب صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے ان مواعظ وخطبات کا مجموعہ ہے جو آپ نے دارالعلوم حقانیہ کی مسجد قدیم میں خطبۂ جمعہ کے طور پر ارشاد فرمائے ۔اس مسجد اوراس کے منبر ومحراب کو اللہ تعالیٰ نے حضرت مولانا عبدالحق قدس اللہ سرہ کا مسند وعظ وارشاد اوردارالعلوم حقانیہ کی شکل میں فیوض وبرکات کا اولین تاسیسی سرچشمہ اورمنبع فیض وہدایت بننے کے لازوال مجد وشرف سے نوازا جو آگے چل کر دارالعلوم کے موجودہ شکل کی شجر طوبیٰ کی شکل اختیار کرگیا۔حضرت شیخ الحدیث قدس اللہ سرہ سالہا سال اس تاریخی مسجداور اس کے منبر ومحراب سے وعظ خطابت کی شکل میں دعوت واصلاح کا فریضہ انجام دیتے رہے جیسے ''دعوات حق'' کے نام سے دوضخیم جلدوں میں مرتب کرکے شائع کردیا گیاہے۔اسی تاریخی مسجد اورمنبر ومحراب سے اپنے والد ماجدؒ کے مشن کو جاری رکھتے ہوئے وعظ وارشاد اور خطبات جمعہ کا سلسلہ جاری رکھا۔انداز بیاں بھی اسی سادگی دلنشینی اوراخلاص وللّٰہیت کو لیے ہوئے ہے۔گویا حضرت قدس سرہ کے دعوات حق کا سلسلہ اللہ تعالیٰ نے ''انوارحق'' کی صورت میں باقی رکھ کراس نقش اولین کو نئے پیرانہ اورنقش ثانی کی شکل میں اجاگر کردیا ہے۔حضرت مولانا انوار الحق مدظلہ دارالعلوم کی تدریس میں ہمہ وقت انہماک کے ساتھ ساتھ طلبہ کی تربیت ونگرانی میں اور انتظام و انصرام میں مستقل مصروف عمل ہیں۔لیکن اس کے ساتھ وعظ وارشاد کی مجالس میں شرکت اور پھراس کومحفوظ رکھنے کی صلاحیتیوں سے نوازا ہے۔

زیرتبصرہ کتاب ان کے خطبات کی پہلی جلد ہے جوحضرت مولانا سمیع الحق مدظلہ،ڈاکٹر مولانا شیرعلی شاہ صاحبؒ ،مولانا زاہدالحسینی اورمولانا عبدالقیوم حقانی جیسی شخصیات کی تقاریظ وتاثرات سے مزین ہے۔یہ جلد ۳۵ علمی ،اصلاحی،معاشرتی،اخلاقی اور سماجی موضوعات پر اسلامی تعلیمات کی روشنی میں دیئے گئے آسان، عام فہم اورسلیس خطبات کا مجموعہ ہے۔جس پر مرتب مولانا سلمان الحق حقانی اور دیگر ٹیم قابل صد تحسین و بریک ہے۔اِس کی پہلی دو اشاعتیں مؤتمرالمصنفین سے شائع ہوئیں جبکہ زیرتبصرہ تیسری اشاعت ''القاسم'' اکیڈمی جامعہ ابوہریرہؓ خالق آباد نوشہرہ سے شائع ہوئی۔کاغذ مناسب،دیدہ زیب ٹائٹل ،بہترین